Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

جلد ۴۲	بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم	نمبر ۱۶

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۲۱ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

[illegible] اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

بموجب رپورٹ ماسٹر مشہود حسین کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ... جاری ہونے کے لئے کاغذ واپس ہو۔ یکم اپریل سے اضافہ کا عملدرآمد ہوگا۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

معروضہ ... میر ...

جناب عالی

شاخ امتحانات الہ آباد مدرسہ عالیہ میں امتحان مولوی فاضل میں انگریزی بھی داخل ہے۔ انگریزی کی تعلیم کے لئے ماسٹر مشہود حسین ایف۔ اے فیل کو چالیس روپیہ ماہوار تنخواہ پر ملازم رکھا گیا تھا۔ تعلیم انگریزی کے لئے چار سال کا کورس رکھا گیا ہے۔ مگر ماسٹر مذکور نے ایسی محنت اور لیاقت سے کام کیا کہ ایک ہی سال میں طلبا میں ایسی استعداد پیدا کر دی کہ سال گذشتہ جو طلبا شریک امتحان ہوئے تھے وہ سب انگریزی کے پرچہ میں پاس ہوئے۔ اور امسال بھی پانچ طلبا شریک امتحان ہوئے تھے اور وہ پانچوں پاس ہوئے ہیں جن میں سے ایک فرسٹ ڈویژن میں اور ... سکنڈ ڈویژن میں پاس ہوا ہے۔ ان پانچ طلبا میں بھی دو ایسے تھے جنہوں نے ایک ہی سال انگریزی تعلیم پائی ہے۔ اس شاخ کے مدرس انگریزی

کی تنخواہ بشرط ایف۔ اے پاس ہونے کے ساٹھ روپیہ تک گزشتہ میں تجویز کی گئی تھی چونکہ ماسٹر مشہود حسین نے سال گزشتہ ایف۔ اے پاس کر لیا ہے اور انکی کارگزاری بھی نہایت اچھی ہے۔ لہذا بدانست ترقیخواہ انکی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار یکم اپریل سنہ ۱۹۳۰ء سے اضافہ ہونا مناسب ہے۔ تاکہ وہ اور زیادہ محنت اور دلجمعی سے کام کریں۔ عرضداشت بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
معروضہ یکم اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

از اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۸ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۳ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت بکاہ سید عزادار حسین نائب منصرم گاؤمیش خانہ برائے مرمت مکان وغیرہ۔

حکم

رخصت بکاہ مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ بغرض اجراء احکام کاغذ واپس ہو۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۸ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء
دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

عطائے اختیار

۵ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

مثبتہ عرضداشت صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر معروضہ ۳ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء متضمن تحت۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ محمد حسین خان صدر قانونگو کو بارہ مواضعات مندرجہ رپورٹ کی کارروائی انتخاب لگانات وغیرہ وغیرہ کے لئے عارضی طور پر چار پانچ ماہ کیواسطے اختیار اسسٹنٹ مہتمم بندوبست عطا کیا جانا منظور ہے۔ اس زمانہ میں بیس روپیہ ماہانہ الاؤنس دیا جائیگا۔ کاغذ بغرض اجراء احکام واپس ہو۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

بارہ مواضعات علاقہ جدید تحصیل ٹانڈہ زیر بندوبست کی کارروائی تصدیق جمعبندی وکیوٹ پندرہ روز میں صدر قانونگو کے ذریعہ سے ختم کرائی گئی ہے۔ و بمنظوری اجلاس ہمایوں دام اقبالہم وملکہم بیس روپیہ ماہانہ کے حساب سے برآمدگی الاؤنس پندرہ روز کے احکام جاری کردئے گئے ہیں۔ اب متعلق موقع کوئی کام باقی نہیں رہا ہے۔ تیاری رپورٹ پرتہ و تشخیص کے لئے نقشہ جات متعلقہ کی تکمیل و مقدمات اضافہ و تبادل لگان کا تصفیہ پرت ہم بندوبستی کی صفائی دفتر میں کرنا باقی ہے۔ تحریر رپورٹ پرتہ و تشخیص تصفیہ مقدمات کیلئے قانونی حیثیت سے مہتمم بندوبست کے اختیارات کیلئے ضروری ہیں لیکن نقشہ جات برآمدگی پرتہ و تشخیص کی تکمیل دفعہ ۲۳۱ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء کی ضمن (۱) کی معرفت اسسٹنٹ مہتمم بندوبست بھی بعطاء اختیارات کرسکتا ہے۔ اسلئے فی الحال مہتمم بندوبست کے اختیارات کیلئے دلانا از حد ضرورت ہے بلکہ کام چلانیکی غرض سے بدانست ترقیخواہ یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ محمد حسین خان صدر قانونگو کے کسی حیثیت اسسٹنٹ مہتمم بندوبست انتخاب لگانات کمتی و غیر معمولی و برآمدگی پرتہ جات سرکل و دیہی و تکمیل نقشہ جات متعلق رپورٹ ہائے پرتہ و تشخیص و صفائی پرت ہائے بندوبستی کا کام لیا جائے اور جب یہ ترتیبی کارروائی ختم ہو جائیگی تو تحصیلداران یا دیگر افسران میں سے کسیکو عارضی طریقہ سے اختیارات مہتمم بندوبست دلا کر جانچ کام تیار شدہ کراکے فیصل خصومات و تحریر رپورٹ کا کام پورا کرالیا جائیگا۔ اور انتخاب مہتمم بندوبست کر کے جداگانہ عرضداشت وقت ضرورت ارسال ہوگی۔ تکمیل نقشہ جات مذکورہ و صفائی پرت ہائے کا کام زیادہ سے زیادہ چار پانچ ماہ میں ختم ہو جائیگا۔ ایام کارکردگی کا الاؤنس عـہ ماہانہ صدر قانونگو کو دیا جانا مناسب معلوم ہوتا ہے جیسا کہ تصدیق بندوبستی کا الاؤنس بحساب عـہ ماہانہ دیا گیا ہے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی
دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر
معروضہ ۳ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

از اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

بمنشاء حکم اجلاس ہمایوں دام اقبالہم وملکہم احکام جاری ہوں۔ اور ۵ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء سے برآمدگی الاؤنس بھی دیا جائے کیونکہ کام ہو رہا ہے۔ نقل عرضداشت و حکم اجلاس ہمایوں دام اقبالہم وملکہم بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ ۹ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء
دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

فنڈ رفاہ کاشتکاران کی رقم کا وصول ہونا شروع ہو گیا ہے۔ بالفعل چونکہ قرضہ کا لین دین

خرچ نہین ہوا ہے بلکہ محض وصولی کا کام ہے۔ لہذا اس فنڈ کے حسابات وغیرہ کیلئے جدید اہلکارون کے تقرر کی اسوقت ضرورت نہین ہے۔ لیکن کارروائی وصول رقم جو کہ تحصیلات مین واصلباقیہنویس اور سیاہہ نویس اور تحویلدار خزانہ تحصیل کو اور سررشتہ واصلباقیہنویس صدر مین جس اہلکار کے متعلق اسکے حسابات کا کام کیا جائیگا اسکو۔ اور خزانہ صدر مین گماشتہ خزانہ اور اُس اہلد کو جسکے پاس اس فنڈ کے حسابات کا کام سپرد کیا جائیگا۔ اپنے معمولی فرائض کے علاوہ اس فنڈ کے متعلق بھی ترتیب حسابات وغیرہ کی خدمت انجام دینا ہوگی۔ لہذا ان اہلکاران مذکور کا الاؤنس مقرر کرنا مناسب ہے۔ یہ الاؤنس رقم فنڈ رفاہ کاشتکاران سے دیا جائیگا سرکاری خزانہ سے اسکو کوئی تعلق نہ ہوگا تحصیلات مین ہر تحصیل کے واصلباقیہنویس کا پانچ روپیہ ماہوار اور سیاہہ نویس کا تین روپیہ ماہوار اور تحویلدار خزانہ تحصیل کا تین روپیہ ماہوار الاؤنس مقرر کیا جاتا ہے۔ سررشتہ واصلباقیہنویس صدر مین اس فنڈ کے حسابات اور کل کاغذات کی آمد روانگی جس اہلکار کے متعلق کیجاتی ہے اسکا آٹھ روپیہ ماہوار الاؤنس مقرر کیا جاتا ہے۔ خزانہ صدر مین اہلد کا پانچ روپیہ ماہوار اور گماشتہ کا للعہ ماہوار الاؤنس مقرر کیا جاتا ہے۔ اس الاؤنس کا عملدرآمد یکم اپریل ۱۹۳۳ء سے ہوگا۔ جن اہلکاران کا الاؤنس مقرر کیا گیا ہے وہ قواعد وصول رقم نذرانہ مندرجہ روبکار مورخہ ۹ مارچ ۱۹۳۳ء اور قواعد فنڈ کاشتکاران کے جملہ احکام کی تعمیل کے ذمہ دار ہونگے۔ ان ملازمان کی برآوردین حسب قاعدہ ۲۵ و ۲۷ قواعد فنڈ رفاہ کاشتکاران مرتب ہونگی اور تحصیلات سے حسب قاعدہ ۲۵ مذکورہ واصلباقیہنویس صدر کے پاس جانچ کے لئے آئین گی۔

لہذا حکم ہے

روبکار ہذا کی نقلین برائے تعمیل تحصیلداران صاحبان کے پاس مرسل ہون۔ ایک نقل واصلباقیہنویس صدر کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل بخدمت دیوانصاحب صدر مرسل ہو۔ ایک نقل بغرض اشاعت گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب منیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب منیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۴ اپریل ۱۹۳۳ء

قواعد فنڈ رفاہ کاشتکاران کا نفاذ ہو گیا ہے اور اُن قواعد کے متعلقہ حسابات کا تعلق تحصیلات و سررشتہ واصلباقیہنویس صدر و خزانہ صدر سے کیا گیا ہے۔ اور اُس کام کا اہلکاران متعلق کو ماہواری الاؤنس بھی تجویز کر دیا گیا ہے۔ لہذا قواعد مذکور کے انجام کار کے واسطے حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔

۱۔ جملہ کاغذات کی پیشی پیشکاران اجلاس کرینگے۔

۲۔ آمد و روانگی کاغذات سررشتہ اجلاس کے متعلق اہلمد کو آبادی رہینگے۔

۳۔ جسقدر احکام متعلق آمدنی و خرچ کے ہونگے انکی روانگی سررشتہ اجلاس سے براہ راست سررشتہ واصلباقیہنویس صدر کو ہوگی اور سررشتہ واصلباقیہنویس صدر مین اُن احکام کے ضروری نوٹ بطور یادداشت رکھے جاکر حکم کی تعمیل ہوا کریگی۔

۴۔ انتظامی و متفرق جو احکام صادر ہونگے انکا اجرا سررشتہ صدر سے ہوا کریگا۔ اور اُس حکم کی اطلاع باضابطہ واصلباقیہنویس صدر کو بھی دیجایا کریگی۔

۵۔ قواعد مذکور مین جن جن کارروائیون کا تعلق براہ راست خزانہ و سررشتہ واصلباقیہنویس صدر و تحصیلات سے کیا گیا ہے انکا عمل براہ راست ہوگا۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی بغرض اطلاع و تعمیل جملہ تحصیلداران صاحبان و دیوان صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر و واصلباقیہنویس صدر کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل بعد اطلاع دہی اہلکاران اجلاس شامل مسل اجلاس ہین رہے۔ اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب منیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۲ اپریل ۱۹۳۳ء

فارسی مدرسہ بازار نصراللہ خان کا نتیجہ امتحان سالانہ کل مدارس اپر پرائمری اور کل مدارس فارسی شہر سے ممتاز ہے۔ تحریری امتحان مین درجہ چہارم و سوم و دوم کے ۱۹ طلبا شریک امتحان اور بارہ تقریری امتحان مین ماتحت درجات کے جسقدر طلبا شریک امتحان کئے گئے تھے ان مین سے کل ۷۰ فیصدی مجموعی طور پر ۷۶ طلبا مین سے ۵۹ پاس ہین یعنی کل ۷۷ فیصدی ہین۔ ایسا بہتر نتیجہ کسی مدرسہ کا نہین ہے سالگذشتہ بھی اس مدرسہ کا نتیجہ بہترین تھا یعنی مجموعی طور پر ۵ طلبا شریک امتحان ہو کر کل پاس ہوئے تھے۔ اس مدرسہ کے مدرسین کیلئے الاؤنس کی درخواست آئی ہے۔ اس مدرسہ مین علاوہ مدرس قرآن شریف کے تین مدرس ہین تینون مدرس محنتی مستعد اور مدرسہ کے کام کو دلچسپی سے کرنیوالے ہین۔ وہ مستحق الاؤنس ہین۔ یکم اپریل ۱۹۳۳ء سے ایک سال کیلئے سید شجاعت علی اور واحد علیخان مدرس مدرسہ بازار نصراللہ خان کا دو دو روپیہ ماہوار الاؤنس اور محمد احمد خان معاون مدرس مدرسہ مذکور کا ایک روپیہ ماہوار مقرر کیا جاتا ہے۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ابتدائے ہفتہ دوم ماہ اپریل ۱۹۳۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷؍ ۸-۰؍ ۷-۰؍ ۸؍		۹؍	۸-۰؍ ۷-۰؍ ۷-۹؍ نیا		۹-۰؍	تحصیل شاہ آباد و سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۸؍ ۸-۰؍		۱۰؍	۹؍		۹-۰؍	
نخود کسہ آمیز	۹؍ ۹؍		۱۲؍	۱۰؍		۱۰-۰؍	
کتہ	۱۱؍ ۱۱؍		۱۲-۰؍	۱۱؍		۱۱؍	
ماش	۵؍ ۵-۰؍		۵؍	۵-۰؍		۵؍	
مونگ	۴؍ ۵؍		۰	۴-۰؍		۴-۰؍	
مکا	۱۳؍ ۱۴-۰؍		۱۵؍	۱۴-۰؍		۱۶؍	
جئی	۱۷؍		۰	۱۴؍		۱۴؍	
گوجئی	۱۱-۰؍ ۱۱؍		۰	۱۱؍		۱۱؍	
عدس	۹؍		۹؍	۱۰؍		۹؍	
ارہر	۵؍ ۵-۰؍		۰	۰		۸؍	
برنج	۵؍ ۵؍		۵؍	۵-۰؍ ۵-۰؍		۶؍	
روغن زرد	۰؍		۰-۲-۲؍	۰-۲-۲-۲؍		۰-۲-۲؍	
روغن سیاہ	۱-۰؍		۱-۰؍	۱-۰؍		۱؍	
روغن کنجد	۱-۲-۲؍		۱؍	۱-۰؍		۱-۰؍	
نمک سانبھر	۱۰-۰؍		۱۲؍	۱۰؍		۱۱؍	
نمک لاہوری	۶؍		۸؍	۰		۸؍	
قند سیاہ	۶-۰؍ ۷؍ ۷-۰؍		۶؍	۷-۰؍		۶؍	
باجرہ	۹؍ ۹-۰؍		۰	۰		۸؍	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور